جو شخص مقام رب سے ڈرتا ہو اور اپنے نفس کی خواہشات پر قابو پاتا ہو اسکی جگہ جنت میں ہے (القرآن)

خواہشات نفسانی قرآن کی نظر میں

نسیم عباس

مکتبہ انوار الثقلین
بمقام اٹھر
تحصیل پنڈ دادنخان (ضلع جہلم)

"خواهشات نفسانی قرآن کی نظر میں"

1۔ جو شخص مقام رب سے ڈرتا ہو اور اپنے نفس کی خواہشات پر قابو پاتا ہو اسکی جگہ جنت میں ہے (سورۃ یوسف ۲۰)

2۔ اے پیغمبر ﷺ! اگر تیری دعوت کو قبول نہیں تو سمجھ لے کہ یہ لوگ اپنی خواہشات نفس کی پیروی کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کبھی ظالموں کو ہدایت نہیں کریگا۔ (سورۃ قسس ۵۰)

3۔ اے پیغمبر ﷺ! ان سے کہہ دیں کہ نقصان میں وہ اشخاص ہیں جو اپنے نفس انسانی اور اپنے اہل خانہ کے نفوس کو قیامت کے دن نقصان میں قرار دیں اور یہ بہت واضح اور کھلا ہوا نقصان ہے (سورۃ زمر ۱۵)

4۔ وہ شخص کہ جس نے خواہش نفس کو اپنا خدا بنا رکھا ہے باوجودیکہ وہ عالم ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے گمراہ کر رکھا ہے اور اسکے کان اور دل پر مہر لگادی ہے اور اسکی آنکھوں پر پردے ڈال دیئے ہیں آپ نے دیکھا! کہ سوائے خدا کے اسے کون ہدایت کریگا؟۔ وہ کیوں نصیحت حاصل نہیں کرتا۔ (سورۃ جاثیہ ۲۳)

5۔ ہر نفس اس عمل کے مقابلے میں گروی ہے جو وہ بجالاتا ہے۔ سورۃ مدثر ۳۸)

6۔ یقیناً ہم نے بہت سے جنات اور انسان جہنم کیئے پیدا کئے ہیں کہ وہ اپنے سوء اختیار سے جہنم میں جائیں گے اس واسطے کہ انکے پاس دل تو ہے لیکن اس سے سمجھتے نہیں آنکھیں رکھتے ہیں لیکن ان سے دیکھتے نہیں کان رکھتے ہیں لیکن ان سے سنتے نہیں یہ جانوروں کی طرح بلکہ ان سے بھی گمراہ تر ہیں یہ غافل ہیں۔ (سورۃ انحراف ۱۶۹)

7- ہم کسی کو اسکی قدرت سے زیادہ حکم نہیں دیتے انسان نے جو اچھائیاں انجام دی ہیں وہ اسی کیلیے ہونگے اور تمام برائیاں بھی اپنے نقصان کیلیۓ ہونگی، سورۃ البقرہ ۲۸۶)

8- جو شخص نیک عمل انجام دیتا ہے وہ اپنے لئے انجام دیتا ہے اور جو شخص برے کام انجام دیتا ہے وہ اس کیلیۓ نقصان دہ ہونگے پھر تم سب رب کی طرف لوٹ آؤ گے۔ سورۃ جاثیہ ۱۵)

9- ہر شخص نے جو خوبیاں انجام دی ہیں وہ اس کے سامنے حاضر ہونگی اسی طرح جو برائی انجام دی ہے وہ آرزو کریگا کہ کاش اس کے اور بُرے کام کے درمیان فاصلہ ہوتا۔ سورۃ آل عمران ۳۰)

10- قیامت کے دن وحشی حیوانات محشور ہونگے۔ (سورۃ تکویر ۵)

11- جو شخص اس دنیا میں اندھی آنکھ رکھتا ہوگا آخرت میں بھی وہ نابینا اور زیادہ گمراہ ہوگا۔ (سورۃ اسراء ۷۲)

12- افسوس ہے ان دلوں پر کہ جنہیں قساوت نے گھیر رکھا ہے ایسے لوگ ایک واضح گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں (سورۃ زمر ۲۲)

13- دنیا سوائے کھیل اور ہوس رانی کے اور کچھ نہیں آخرت کا گھر نیکوکاروں کیلیۓ بہتر ہے کیا سوچ اور فکر نہیں رکھتے ؟ (سورۃ انعام ۳۲)

14- جان لو کہ دنیا کی زندگی سوائے کھیل ہوس رانی زینت اور تفاخر اور اولاد کے زیادہ کرنے کے علاوہ کچھ نہیں ہے اسکی مثال اس بارش کی ہے جو وقت پر برسے اور سبزہ زمین سے نکلے کہ جو بڑوں کو تعجب میں ڈال دے اسکے بعد دیکھے گا کہ وہ زرد خشک اور خراب ہوجائے گی آخرت میں ان کیلیۓ عذاب آپہنچے گا۔ (سورۃ حدید ۲۰)

نسیم عباس کے دیگر کتابچے

ایذا رسانی قرآن و اہلبیتؑ کی نظر میں

آزمائش

فرامین حضرت امام علی رضا علیہ السلام

کامیابی اور نجات کیسے ممکن ہے؟

خواہشات نفسانی قرآن کی نظر میں

صبر و شکر

ہم سب مجرم ہیں؟

انفاق فی سبیل اللہ

استحکام پاکستان کے تقاضے

صِلہ رحم

شیطان کا انٹرویو

پستی کے عمیق گڑھوں میں گرنے کے اسباب

دہشت گردی کی نرسریاں دینی مدارس۔۔۔۔۔۔۔؟

مکتبہ انوار الثقلین بمقام اتھر

تحصیل پنڈ دادنخان (جہلم)